کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، قائد حق دو تحریک اور رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی مسلسل اور مخلصانہ کاوشوں کے نتیجے میں ضلع گوادر میں محکمہ تعلیم کی ایس ایس ٹی (Secondary School Teacher) کی 142 آسامیوں پر ایڈہاک بنیادوں پر بھرتیوں کا باقاعدہ عمل شروع کر دیا گیا ہے، جس سے ضلع میں تعلیمی شعبے کی بہتری اور اساتذہ کی دیرینہ کمی کے خاتمے کی جانب ایک ......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اہم اور خوش آئند پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ سیکریٹری تعلیم بلوچستان کے خصوصی تعاون کی بدولت گوادر صوبے کا وہ پہلا ضلع بن گیا ہے جہاں ان اہم اسامیوں پر تقرریوں کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ تعلیمی اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ان 142 خالی آسامیوں پر فوری تقرریوں سے ضلع بھر کے سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کافی حد تک پوری ہو جائے گی، جس کے نتیجے میں تعلیمی معیار میں نمایاں بہتری آئے گی اور دور دراز علاقوں کے طلبہ و طالبات کو بہتر تدریسی سہولیات میسر ہوں گی۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اس کامیابی کو ضلع کے تعلیمی شعبے کے لیے ایک سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا فروغ، اسکولوں کی بحالی اور نوجوان نسل کو معیاری تعلیمی مواقع فراہم کرنا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ ضلع گوادر میں تعلیمی نظام کو مزید مضبوط اور فعال بنانے کے لیے ان کی کوششیں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اس اہم عمل کو ممکن بنانے پر سیکریٹری تعلیم بلوچستان اور محکمہ تعلیم کے دیگر متعلقہ حکام کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔ عوامی حلقوں نے اس تاریخی اقدام کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نئی بھرتیوں سے پسماندہ علاقوں میں تدریسی سرگرمیوں کو نئی زندگی ملے گی اور غریب طلبہ کو پڑھنے کے یکساں مواقع ملیں گے۔

## ہیلی کاپٹر حادثے کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، غزالہ گولہ

**وطن عزیز کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے سپوت قوم کا سرمایہ ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے مظفر آباد کے قریب پاک فوج کے ایوی ایشن کے ایم آئی-17 ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے حادثے میں شہید ہونے والے افسران اور جوانوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع اور قومی فرائض کی ادائیگی کے دوران جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے یہ بہادر سپوت پوری قوم کا سرمایہ ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ ڈپٹی اسپیکر نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 JUN 2026 Page No. 13

# محرم الحرام کیلئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کیے جائینگے، ڈی آئی جی کوئٹہ

**محرم الحرام جلوس کے منتظمین کے ساتھ مل کر سیکورٹی پلان پر عملدرآمد کیا جائے گا، کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کی جائیگی**

**مجالس، جلوسوں و دیگر حساس مقامات پر ڈسٹرکٹ پولیس کے علاوہ ایف سی اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے اہلکار نگرانی کرینگے**

**مجوزہ فول پروف سیکورٹی پلان کے تحت شہر کے تمام خارجی اور داخلی راستوں پر چیکنگ اور سیکورٹی کا نظام مضبوط کیا جائے گا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران امام بارگاہوں، مجالس کے مقامات پر فورس کے جوان تعینات ہوں گے اور جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے گی اور محرم الحرام کے جلوس کے منتظمین کے ساتھ مل کر سیکورٹی پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیس لائن ........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

میں شہید حامد شکیل ملٹی پرپز ہال میں محرم الحرام میں سیکورٹی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، کمانڈنٹ چلتن رائفلز ایف سی نارتھ بلوچستان، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف، ایف سی سیکٹر کمانڈرز، ایریا ایس ایچ اوز، سٹی، ڈی ایس پی سیکورٹی آصف حسین، علماء کرام و معززین ڈاکٹر عطاء الرحمن جامعہ عبدالعزیز کے قاری عبدالرحمن نورزئی جامعہ سنجیر مسجد، انوارالحق حقانی مرکزی جامعہ مسجد سورج گنج بازار، علامہ شہزاد عطاری میاں اسماعیل مسجد وقار روڈ، مفتی محمود احمد جامعہ مسجد قندھاری، قاری عبدالرحمن عیدگاہ طوغی روڈ، پیر اسماعیل مجددی پیر عبدالخیر روڈ، قاری عبدالحفیظ سنڈیمن ہائی سکول مسجد، علامہ سید ہاشم موسوی امام بارگاہ کلاں، علامہ شیخ جمعہ اسدی جامعہ امام صادق، عاشق حسین صدر شیعہ کانفرنس، امیر مختیار میر شیعہ کانفرنس، کاظم علی شیعہ کانفرنس اور عبدالرحیم کاکڑ صدر انجمن تاجران و دیگر عہدیداروں بکری عبدالحمید منگولی، حضرت علی اچکزئی، حسن آغا، اصغر علی گگزری، رحیم آغا، اسرارالدین آغا، عمران ترین سابقہ ناظم و سماجی کارکن میر اسلم رند کے علاوہ دیگر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے افسران شریک تھے۔

# قائمہ کمیٹی کو 7 اضلاع کی بجائے 2 میں ماڈل سیف ہومز کے قیام کی تجویز

**240 ملین روپے سات اضلاع میں معیاری ماڈل سیف ہوم کی تعمیر کیلئے ناکافی ہیں، صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو بریفنگ**

**ناکافی تخمینی فنڈز کے مدنظر تجویز دی گئی کہ ابتدائی مرحلے میں صرف ژوب اور خاران میں مکمل ماڈل سیف ہومز تعمیر کیے جائیں**

**مجوزہ سیف ہومز میں خواتین کو رہائش، کونسلنگ، قانونی معاونت، بچوں کی نگہداشت اور بحالی کی سہولیات فراہم کی جائیں گی**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ویمن ڈویلپمنٹ کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین فضل قادر مندوخیل کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں راحیلہ حمید خان درانی اور صفیہ بی بی نے شرکت کی جبکہ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ سائرہ عطاء، ایڈیشنل سیکرٹری لیجسلیشن عبدالرحمن بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کا ایجنڈا 240 ملین روپے کی لاگت سے سات اضلاع کے ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بجائے دو اضلاع میں ماڈل سیف ہومز کے قیام کی تجویز پر غور کرنا تھا۔ اجلاس میں حکام کی جانب سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے کا عنوان کوئٹہ، لورالائی، ژوب، سبی، نصیرآباد، رخشان اور قلات میں سیف ہومز کی تعمیر ہے، جس کا منظور شدہ تخمینہ 240 ملین روپے رکھا گیا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کا بنیادی مقصد بلوچستان کے مختلف اضلاع میں تشدد کا شکار، بے سہارا اور مشکلات سے دوچار خواتین اور ان کے بچوں کے لیے محفوظ اور باوقار رہائش فراہم کرنا ہے۔ مجوزہ سیف ہومز میں خواتین کو رہائش کے ساتھ کونسلنگ، قانونی معاونت، بچوں کی نگہداشت اور بحالی کی سہولیات ایک ہی چھت تلے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں محفوظ اور معاون ماحول میسر آسکے۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ اگر 240 ملین روپے سات اضلاع میں تقسیم کیے جائیں تو ہر ضلع کے لیے تقریباً 34 ملین روپے مختص ہوں گے، جو ایک معیاری ماڈل سیف ہوم کی تعمیر کے لیے ناکافی ہیں۔ اس لیے تجویز دی گئی کہ ابتدائی مرحلے میں دو مکمل ماڈل سیف ہومز تعمیر کیے جائیں۔ اس اقدام کے تحت ہر ضلع کے لیے تقریباً 120 ملین روپے دستیاب ہوں گے

# ساڑھے 4 ارب روپے مالیت کا ضبط شدہ ممنوعہ سامان نذر آتش

**قبضے میں لیا جانیوالا سامان 64 ٹرکوں کے ذریعے سخت سیکورٹی میں تلف کرنے کیلئے مذکورہ مقام پر پہنچایا گیا**

**نذر آتش کیے جانے والے سامان میں مختلف اقسام کی غیر ملکی اشیاء، ممنوعہ سامان، سمگلنگ شدہ ممنوعات شامل**

**پاکستان کسٹمز کا عملہ سمگلنگ کے خاتمے کو یقینی بناتے ہوئے قومی معیشت کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے، کلکٹر کسٹم**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ماڈل کلکٹریٹ کسٹمز کوئٹہ کی جانب سے کسٹم انفورسمنٹ کوئٹہ کے کلکٹر شاہد جان نے کہا ہے کہ پاکستان کسٹمز کے عملے نے سمگلنگ کے خاتمے کو یقینی بناتے ہوئے قومی معیشت کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے اس لئے غیر قانونی تجارت کی حوصلہ شکنی اور ملکی معیشت اور کاروبار کے فروغ میں مدد کے لئے تمام ادارے مشترکہ حکمت عملی کے تحت غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف موثر ........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کارروائیاں کر رہے ہیں تاکہ قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کا محاسبہ ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں 4 ارب 50 کروڑ روپے مالیت سے زائد کی ضبط شدہ غیر ملکی اور ممنوعہ سامان کو نذر آتش کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز بلوچستان باسط مقصود عباسی، سیکرٹری ایکسائز اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ کلکٹر کسٹم انفورسمنٹ کوئٹہ شاہد جان نے بتایا کہ قبضے میں لئے جانے والا سامان 64 ٹرکوں کے ذریعے سخت سیکورٹی میں تلف کرنے کیلئے مذکورہ مقام پر پہنچایا گیا نذر آتش کیے جانے والے سامان میں مختلف اقسام کی غیر ملکی اشیاء، ممنوعہ سامان، سمگلنگ شدہ ممنوعات شامل ہیں۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 11 JUN 2026 Page No. 14


# ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، سیکرٹری مواصلات

## منظور منصوبوں پر جلد از جلد عملی کام کے آغاز کے لیے تمام قانونی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے

**بابر خان کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں متعلقہ افسران کو مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت**

کوئٹہ (ص ن) سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف انجینئر نصیرآباد زون محمد بشیر ناصر، چیف انجینئر قلات و خضدار زون عزیز اللہ خان کاسی، چیف انجینئر لورالائی و ژوب زون قاضی نورالحق، ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پی اینڈ ڈی کے حکام اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا متعلقہ حکام نے منصوبوں کی انتظامی، لاگت، تکنیکی پہلوؤں اور مجوزہ مدت تکمیل کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی نے مختلف نئے روڈ انفراسٹرکچر منصوبوں کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے متعلق متعدد اسکیموں کی منظوری کی سفارش بھی کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منظور شدہ منصوبوں پر جلد از جلد عملی کام کے آغاز کے لیے تمام قانونی انتظامی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات صوبہ بھر میں ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے اور عوام کو بہتر سفری و تعمیراتی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کاوشیں بھرپور انداز میں جاری رکھے گا۔

# محرم کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی یقینی بنائی جائے گی، مہراللہ بادینی

## ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس میں محرم الحرام کے دوران عزاداران کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی متعلق غور کیا گیا

**محکمہ صحت کو ہسپتالوں میں ایمرجنسی، اضافی طبی عملہ، ایمبولینسز اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، پولیس، ایف سی، متعلقہ محکموں کے افسران، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں اور شیعہ کانفرنس کے عہدیداران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران عزاداران کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ساتویں، نویں اور دسویں محرم کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو جلوسوں کے روٹس پر صفائی ستھرائی، سڑکوں کی مرمت، اسٹریٹ لائٹس کی بحالی اور پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کیسکو کو بلاتعطل بجلی فراہمی، سوئی سدرن گیس کمپنی کو گیس سپلائی بہتر بنانے جبکہ محکمہ صحت کو ہسپتالوں میں ایمرجنسی، اضافی طبی عملہ، ایمبولینسز اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مکمل باہمی رابطے کے تحت جلوسوں، مجالس اور حساس مقامات کی نگرانی کریں گے جبکہ مچھ، ڈاکاری اور دیگر علاقوں سے آنے والے عزادار قافلوں کو خصوصی سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر آفس میں مرکزی کنٹرول روم بھی قائم کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 11 JUN 2026

Page No. 16

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 11 JUN 2026 Page No. 17


INTEKHAB QUETTA

## نوشکی معدنیات لے جانیوالی گاڑیوں پر حملہ 10 گاڑیاں نذر آتش

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی کے علاقے میں معدنیات لے جانے والی 60 گاڑیوں کے قافلے پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے 10 گاڑیوں کے ٹائر برسٹ اور نذر آتش کر دیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے سے 60 گاڑیوں بقیہ نمبر 51 صفحہ 5 پر

پر معدنیات لے جانے والے قافلے پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 10 گاڑیوں کے ٹائر برسٹ [illegible]

## دہشتگردی کے مختلف واقعات، 16 گاڑیاں، 1 تھانہ اور چوکی نذر آتش

**نوشکی میں معدنیات لانے والی 60 گاڑیوں پر مشتمل قافلے پر مسلح افراد کی فائرنگ، 10 گاڑیوں کو آگ لگا کر مکمل تباہ کر دیا گیا**

**6 ایل پی جی بوزرز کے اگلے حصے بھی مکمل جلا دیے گئے، گلستان کے علاقے دوبگی میں تھانہ اور چوکی پر 50 سے زائد افراد کا حملہ**

**چوکی کو مکمل منہدم کر دیا گیا، تھانے کو آگ لگا دی، حملہ آور چوکی اور تھانے کے اہلکاروں سے اسلحہ و گاڑیاں چھین کر فرار ہو گئے، ذرائع**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گاڑیوں پر فائرنگ اور گلستان میں ایک تھانہ اور چوکی کو آگ لگا دی، اسلحہ اور گاڑیاں بھی چھین لیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے سے 60 گاڑیوں...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پر مشتمل معدنیات لے جانے والے قافلے پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس سے 10 گاڑیوں کے ٹائر برسٹ ہو گئے اور انہیں نذر آتش بھی کر دیا، واقعے کے بعد مسلح افراد فرار ہو گئے۔ دریں اثناء گزشتہ روز کوئٹہ تفتان شاہراہ پر نوشکی میں مل کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے ایل پی جی گیس لیکر آنے والے 6 بوزرز پر فائرنگ کر کے ان کے ٹائر برسٹ کر دیے اور انہیں بھی آگ لگا دی جس سے بوزرز کے اگلے حصے مکمل طور پر جل گئے۔ علاوہ ازیں پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے شمالی مغربی پہاڑوں سے متصل علاقے چمن کے قریب قلعہ عبداللہ اور گلستان کے علاقے دوبگی میں لیویز چوکی پر 50 سے زائد موٹر سائیکل سواروں نے حملہ کر کے تھانہ اور چوکی پر موجود اہلکاروں سے اسلحہ اور گاڑیاں چھین لیں اور تھانے اور چوکی سمیت رہائشی کوارٹرز کو آگ لگا دی اور مسلح افراد نے ایکسیویٹر کی مدد سے چوکی گرا دی اور فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، سیکورٹی فورسز، ایف سی کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

## محرم الحرام، پولیس نے بلوچستان بھر کیلئے سیکورٹی پلان ترتیب دیدیا

**تمام اضلاع میں یکم محرم تا عاشور تک سیکورٹی کیلئے 32 ہزار، صوبائی دارالحکومت میں 17 ہزار سے زائد اہلکار فرائض انجام دیں گے**

**مرکزی جلوس کی فضائی نگرانی، کوئٹہ میں دفعہ 144 نافذ، شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ کی جائیگی، پولیس ذرائع**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پولیس کی جانب سے محرم الحرام کے موقع پر کوئٹہ سمیت صوبہ بھر میں سیکورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا جس کے تحت محرم الحرام کے موقع پر امام بارگاہوں، مساجد، مجالس کے حوالے سے یکم محرم سے عاشور کے جلوس تک سیکورٹی کے لئے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

32 ہزار سے زائد اہلکار بلوچستان میں جبکہ 17 ہزار سے زائد سیکورٹی اہلکار کوئٹہ میں فرائض سرانجام دیں گے۔ عاشورہ کے جلوسوں کی فضائی نگرانی یقینی بناتے ہوئے شہر میں دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہوگی۔ شہر کی داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ ہوگی اور سی پی او میں قائم کنٹرول روم سے جلوس کی براہ راست نگرانی کی جائے گی۔ پولیس ذرائع کے مطابق بلوچستان پولیس نے محرم الحرام کے مہینے میں کوئٹہ سمیت صوبہ بھر میں ہونے والی مجالس اور دیگر مذہبی تقریبات کی سیکورٹی کے ساتھ ساتھ نکالے جانے والے جلوسوں اور اس ماہ کے دوران سیکورٹی پلان کو ترتیب دیتے ہوئے حتمی شکل دے دی ہے امام بارگاہوں، مساجد اور مجالس کے مقامات پر یکم محرم سے عاشورہ کے جلوس تک صوبہ بھر میں سیکورٹی پر 32 ہزار سے زائد اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ اسی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں محرم الحرام کے موقع پر پولیس، ڈسٹرکٹ پولیس، بلوچستان کانسٹیبلری، آر آر جی، کیو آر ایف، سیکورٹی فورسز، اسپیشل برانچ کے 17 ہزار سے زائد جوان ڈیوٹی دیں گے۔

### پنجگور: نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، دو زخمی

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقے سوردو میں نامعلوم مسلح افراد نے گھات لگا کر ایک گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق، موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم مسلح حملہ آوروں نے سوردو کے علاقے میں پہلے سے پوزیشن سنبھال رکھی تھی اور جیسے ہی گاڑی وہاں سے گزری، انہوں نے اسے نشانہ بنایا۔

### نصیر آباد: بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن لائن کے دو ٹاوروں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد اوچ پاور پلانٹ سے اندرون ملک کو جانے والی ہائی ٹرانسمیشن بجلی سسٹم 220 کے وی کے دو ٹاورز کو نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا سندھ اور پنجاب کے علاقوں میں بجلی کے متاثر ہونے کا خدشہ پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی حدود اوچ پاور پلانٹ سے سندھ اور پنجاب کو جانے والی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم بجلی کے 220 کے وی دو ٹاور کو چھتر روڈ کے قریب نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے سندھ اور پنجاب کے علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر ہو سکتی ہے واقعے کے بعد پولیس موقع پر پہنچ گئی۔

## قومی شاہراہ N-65 پر ڈکیتی کی وارداتیں نہ رک سکیں

**مسلح افراد دن دیہاڑے مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور مقامی باشندوں کو لوٹتے ہیں**

جعفرآباد (نامہ نگار مشرق) وزیراعلیٰ بلوچستان اور آئی جی پولیس کے احکامات کے باوجود قومی شاہراہ این۔65 پر مسلح ڈاکوؤں کی وارداتیں نہ رک سکیں۔ مسافر اور ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا شکار۔ قومی شاہراہ این۔65 جھٹ پٹ کی حدود میں مسلح ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں نے مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور مقامی آبادی کو شدید خوف و ہراس میں مبتلا کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور آئی جی پولیس کی جانب سے امن و امان کی بحالی کے متعدد احکامات اور سیکورٹی اجلاسوں کے باوجود شاہراہ پر لوٹ مار کی وارداتیں روز کا معمول ........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بن چکی ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ قومی شاہراہ این۔65 جرائم پیشہ عناصر کے لیے محفوظ پناہ گاہ جبکہ محکمہ پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے لیے "سونے کی چڑیا" بنی جا رہی ہے۔ مسلح افراد دن دیہاڑے مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور مقامی باشندوں کو اسلحے کے زور پر لوٹنے میں مصروف ہیں جبکہ متعلقہ پولیس کارروائی کرنے سے گریزاں دکھائی دیتی ہے۔ ذرائع کے مطابق جھٹ پٹ کی حدود میں روزانہ کی بنیاد پر وارداتیں پیش آتی ہیں

## مستقل لائسنس کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

**ضلع کیچ میں رواں سال بڑی تعداد میں ڈرائیونگ لائسنس کیلئے درخواستیں جمع کرائیں**

**ہزاروں شہریوں نے ڈرائیونگ ٹیسٹ اور ضروری کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد لرننگ کارڈز حاصل کیے تھے**

تربت (این این آئی) ضلع کیچ میں رواں سال 2026 کے دوران بڑی تعداد میں شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے درخواستیں جمع کرائیں اور تمام قانونی مراحل مکمل کیے، تاہم پانچ ماہ سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود ایک بھی مستقل ڈرائیونگ لائسنس شہریوں کو فراہم نہیں کیا جا سکا، جس کے باعث درخواست گزاروں میں شدید تشویش اور بے چینی پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق ضلع کیچ کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شہریوں نے ڈرائیونگ ٹیسٹ اور دیگر ضروری کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد لرننگ ڈرائیونگ کارڈز حاصل کیے تھے، لیکن مستقل لائسنس کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر کے باعث اب ان میں سے بیشتر لرننگ کارڈز کی مدت بھی ختم ہو چکی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈرائیونگ لائسنس نہ ہونے کی وجہ سے انہیں روزمرہ زندگی میں مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ متعدد افراد دوران سفر چیکنگ کے مواقع پر پریشانی کا شکار ہوتے ہیں جبکہ بعض افراد پیشہ ورانہ سرگرمیوں کے لیے بھی ڈرائیونگ لائسنس کے منتظر ہیں۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ حکام نے شہریوں کو آگاہ کیا ہے کہ ضلع کیچ سے ارسال کی گئی درخواستوں کے باوجود اب تک کوئٹہ سے سال 2026 کے دوران کسی ایک شہری کا بھی مستقل ڈرائیونگ لائسنس موصول نہیں ہوا۔



## زرغون ہاؤسنگ سکیم 14 سال بعد بھی سہولتوں سے محروم

**پانی و بجلی کا بحران، ناقص سیکورٹی انتظامات سے مکین عدم تحفظ کا شکار، عبدالقدیر آغا**

کوئٹہ (پ ر) زرغون ویلفیئر ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا اجلاس صدر سید عبدالقدیر آغا اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالہادی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں اسکیم کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم 14 سال گزرنے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ داخلی و اندرونی راستوں پر نصب بیریئرز غیر فعال ہیں جبکہ نامکمل چار دیواری اور ناقص سیکورٹی کے باعث رہائشی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ شرکاء نے مطالبہ کیا کہ کیو ڈی اے تعمیرات عملے کی حاضری اور ذمہ داریوں کو یقینی بنائے، بصورت دیگر ان کی تبدیلی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس میں پانی کے بحران اور ٹینکر مافیا کی جانب سے بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کیو ڈی اے خشک ٹیوب ویل پر نصب سولر سسٹم کو فعال ٹیوب ویل پر منتقل کرے یا نیا ٹیوب ویل نصب کرے تاکہ رہائشیوں کو مناسب نرخوں پر پانی فراہم کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ پائپ لائنوں کے ذریعے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے کہا کہ 2020 میں کیسکو اور کیو ڈی اے کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو ڈیڈیکیٹڈ فیڈر سے بلاتعطل بجلی فراہم کی جانی تھی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 11 JUN 2026 Page No. 19


# ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال جاری، ہسپتالوں میں جاری طبی خدمات شدید متاثر

اوپی ڈی، معمول کے طبی معائنے، آپریشنز متاثر ہونے سے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

**مسئلے کا جلد از جلد حل نکالا جائے تاکہ سرکاری ہسپتالوں میں معمول کی طبی خدمات بحال ہوسکیں، عوامی حلقوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (آئی این پی) صوبے بھر میں ینگ ڈاکٹرز کی جاری ہڑتال کے باعث سرکاری ہسپتالوں میں طبی خدمات شدید متاثر ہوگئی ہیں، جس کے نتیجے میں روزانہ ہزاروں مریض علاج معالجے کی سہولیات سے محروم ہو رہے ہیں۔ اگرچہ ہسپتالوں میں ایمرجنسی سروسز جاری ہیں، تاہم او پی ڈی، معمول کے طبی معائنے، آپریشنز اور تشخیصی ٹیسٹ بری طرح متاثر ہونے سے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو (بقیہ نمبر22 صفحہ نمبر 7 پر)

کے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ملک کا سب سے اہم ادارہ ہے اور آئین کے بغیر ملک نہیں چل سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ صرف فاتحہ خوانی کے لیے نہیں بنی بلکہ اسے اپنے اختیارات اور وقار کا تحفظ کرنا ہوگا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ آئین کے ساتھ کھلواڑ کیا جا رہا ہے جسے روکا جانا چاہیے، اور اسی احتجاج کے طور پر اپوزیشن اجلاس سے بائیکاٹ کرے گی۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ ان کی جماعت نے ہمیشہ نظام کے اندر رہتے ہوئے تبدیلی لانے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے گزشتہ 34 ہفتوں سے ملاقات نہیں ہوسکی اور اسپیکر اس حوالے سے رولنگ دیں تاکہ فوری ملاقات ممکن بنائی جاسکے۔ بیرسٹر گوہر نے دعویٰ کیا کہ گلگت بلتستان کے 24 میں سے 23 حلقوں میں ان کی جماعت انتخابی میدان میں موجود تھی اور متعدد نشستوں پر کامیابی کی پوزیشن میں تھی، تاہم دھاندلی کے ذریعے مینڈیٹ تبدیل کیا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آئندہ تمام انتخابات الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعے کرائے جائیں تاکہ انتخابی شفافیت یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف تشدد کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی اور آزاد کشمیر کے معاملات میں بھی افہام و تفہیم سے کام لیا جانا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے وفاقی حکومت کو معاشی کارکردگی پر بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ حکومت اپنا پانچواں بجٹ پیش کرنے جا رہی ہے، لیکن چار سال گزرنے کے باوجود ایف بی آر میں مطلوبہ اصلاحات نہیں لائی جاسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کے نتائج عوام کے سامنے ہیں اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 11 JUN 2026 Page No. 2


## کوئٹہ میں سرکاری ملازم کا مبینہ طور پر بیوی اور چار بچوں کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کا افسوسناک واقعہ، حکومتی سطح پر شفاف تحقیقات کی ضرورت!

کوئٹہ کے علاقے وحدت کالونی میں گزشتہ دنوں ایک افسوسناک واقعے میں ایک سرکاری ملازم نے اپنی اہلیہ اور چار کمسن بچوں کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کرلی۔ پولیس کے مطابق مذکورہ شخص کی شناخت محمد آصف ولد موسیٰ خان گورگیج کے نام سے ہوئی ہے جو سول سیکریٹریٹ کوئٹہ میں ملازم تھے۔ محمد آصف کی اہلیہ زینب اوران کے چار بچے واقعے میں جان سے گئے۔ بچوں میں 13 سالہ حذیفہ، بارہ سالہ حورین، چھ سالہ علینہ اور ڈیڑھ سالہ مہرنا شامل ہیں۔ محمد آصف وحدت کالونی میں واقع سرکاری گھر میں مقیم تھے۔ واقعے کے بعد جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلیے گئے ہیں جبکہ مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

پولیس اوراہل خانہ کے مطابق محمد آصف نے واقعے سے قبل 13 منٹ طویل ایک ویڈیو ریکارڈ کی تھی جسے انہوں نے اپنے بعض رشتہ داروں، سوشل میڈیا کارکنوں اور دیگر افراد کو بھیجا۔ ویڈیو میں محمد آصف نے دو سرکاری ملازمین کے نام لے کر الزام عائد کیا کہ وہ ان پر سرکاری گھر خالی کرنے کے لیے دباؤ ڈال رہے ہیں اور انہیں ہراساں کیا جارہا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کے پانی کے کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ بجلی کا کنکشن کاٹنے کی بھی کوشش کی گئی۔ محمد آصف نے ویڈیو میں یہ الزام بھی لگایا کہ مذکورہ افرادان کے بچوں کا حوالہ دے کر انہیں دھمکا رہے ہیں۔ انہوں نے صدر پاکستان، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے مدد کی اپیل بھی کی۔ محمد آصف نے ویڈیو میں کہا تھا کہ انہوں نے اپنے بچوں کو بہت پیار سے پالا ہے وہ انہیں کسی کی جانب سے نقصان پہنچانے سے پہلے ہی خود ہی مار کر خودکشی کرلیں گے۔ محمد آصف کے بھتیجے حاتم خان کا کہنا ہے کہ ان کے چچا نے دوپہر کے وقت واٹس ایپ پر ویڈیو اور وائس پیغامات بھیجے اور فون پر کہا کہ سب کچھ ختم ہو گیا ہے اور وہ خود کو بھی مار رہے ہیں۔ ان کے مطابق انہوں نے محمد آصف کو ایسا کوئی قدم نہ اٹھانے کا کہا اور بتایا کہ وہ ان کے پاس گھر پہنچ رہے ہیں۔ حاتم خان کا کہنا ہے کہ وہ اپنے والد کے ساتھ محمد آصف کے گھر گئے لیکن دروازہ نہیں کھولا گیا، کچھ دیر بعد محمد آصف نے انہیں دو بچیوں کی تصاویر بھیجیں جنہیں وہ مار چکے تھے جس پر انہوں نے فوری طور پر اپنے رشتہ داروں کو اطلاع دی۔ اس کے بعد بھی ہم نے دروازہ کھٹکھٹایا لیکن انہوں نے دروازہ نہیں کھولا۔ پھر گھر کے اندر سے گولی چلنے کی آواز آئی۔

اہل خانہ نے پولیس کو اطلاع دی جس کے بعد پولیس دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئی اور لاشوں کو تحویل میں لیا۔ حاتم خان کے مطابق محمد آصف گزشتہ کچھ عرصے سے پریشان دکھائی دے رہے تھے۔ واقعے کی ایف آئی آر آصف خان کے بھائی کی مدعیت میں درج کی گئی ہے جس میں الزام عائد کیا گیا کہ چند سرکاری ملازمین گزشتہ کچھ عرصے سے ان کے بھائی کو مسلسل ہراساں کررہے تھے جس کے سبب وہ شدید ذہنی دباؤ میں تھے۔ درج ایف آئی آر کے مطابق مرنے والے بچوں کی عمریں ایک سے 14 برس کے درمیان بتائی گئی ہیں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وحدت کالونی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی شاہد رند کے مطابق محمد آصف کی جانب سے خودکشی سے قبل ریکارڈ کی گئی ویڈیو کے تناظر میں دو مشتبہ سرکاری ملازمین کو حراست میں لے لیا گیا ہے جبکہ تحقیقات کا دائرہ کار بھی وسیع کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کرلی ہے اور ہدایت کی ہے کہ تمام حقائق سامنے لاکر تحقیقات کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کسی فرد یا اہلکار کے ملوث ہونے کے شواہد ملے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ شاہد رند کا کہنا تھا کہ حکومت انصاف کی فراہمی یقینی بنائے گی اور حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں گے۔ اگر تحقیقات میں کسی شخص کا کردار ثابت ہوا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر محمد آصف، اس کی بیوی اور بچوں کا قتل زیر بحث ہے بیشتر صارفین میں واقعے پر شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور مطالبہ کیا جارہا ہے کہ شفاف تحقیقات کرکے اصل محرکات کو سامنے لایا جائے اگر اس میں سرکاری آفیسران ملوث پائے گئے تو انہیں سخت سزا دی جائے۔ بہرحال یہ انتہائی دلخراش واقعہ ہے ایک پورا خاندان ختم ہوگیا، قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں، محمد آصف، اس کی اہلیہ اور معصوم بچے جان سے گئے یہ ایک غیر معمولی واقعہ ہے جو واضح کرتا ہے کہ ذہنی دباؤ کی وجہ سے یہ انتہائی قدم اٹھایا گیا۔ حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اس افسوسناک واقعہ کی شفاف تحقیقات کی جائے اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا جائے، اگر متاثرہ خاندان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے تو اس کا ازالہ ضروری ہے جرم ثابت ہونے پر کڑی سزا دی جائے تاکہ ہنستے بستے خاندان بااثر شخصیات کے دباؤ میں اپنی جان سے ہاتھ نہ دھو بیٹھیں۔ امید ہے کہ حکومت مکمل ذمہ داری کے ساتھ انصاف کے تقاضے پورے کرے گی اور اس کیس کو منطقی انجام تک پہنچائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 11 JUN 2026 Page No. 21

# Balochistan's upcoming budget

As the Balochistan government prepares to present its upcoming provincial budget for fiscal year 2026-2027, the stakes have never been higher for a population weary of unfulfilled promises. Representing Pakistan's largest landmass but its most economically marginalized populace, Balochistan is trapped in a vicious cycle of pervasive poverty and acute unemployment. For decades, the structural disparities and systemic neglect have left the local youth adrift, with minimal avenues for meaningful livelihood. Consequently, the public expectations surrounding this fiscal announcement are immense. The upcoming budget must transcend regular ledger entries and serve as a transformative blueprint that directly addresses the existential challenges facing the common citizens.

First and foremost, the government must confront the burgeoning crisis of youth unemployment. In a province where a vast majority of the demographic is young, failing to provide job opportunities is akin to squandering the region's future. The budget must incorporate targeted allocations for technical education, paid internships, and institutionalized public sector hiring to absorb the talented, yet jobless, youth. Concurrently, there is an urgent need to streamline expenditures away from politically motivated luxury undertakings and redirect them toward essential public schemes. Infrastructure, clean drinking water, and rural connectivity are not privileges; they are fundamental rights that require prompt financial backing.

Furthermore, the crushing weight of hyperinflation has eroded the purchasing power of the salaried class, making an upward revision of government employees' salaries a matter of survival rather than choice. To cushion the impact of economic distress on the administrative machinery, a substantial increase in wages is imperative. However, a society's long-term resilience rests heavily upon its social sectors, specifically education and healthcare. Balochistan's public education system is plagued by ghost schools and high dropout rates, while its healthcare facilities lack life-saving medication and proper infrastructure.

Ultimately, the upcoming budget will test the political will of Balochistan's leadership. It must balance necessary spending cuts with aggressive investments in human capital. The public no longer has the patience for superficial relief packages or paper-based growth. If the provincial government truly aims to pull Balochistan out of its economic stagnation, it must deliver a budget that puts the welfare of the ordinary citizen at the center of its economic vision, signalling a shift toward real, inclusive development.

CamScanner